[مو]لوی عبدالصمد صاحب نے اس کے جواب میں "مشرقی کا مذہب" لکھ کر یہ بتایا ہے کہ خود مشرقی کے مذہبی خیالات [کیا] ہیں؟ اور اُس کے دینی عقائد کی کیا حقیقت ہے؟ یہ رسالہ گویا ایک آئینہ ہے جسے دیکھ کر اگر مشرقی صاحب [ا]پنا سامنہ لے کر رہ جائیں تو بعید نہیں۔

[کا]رل مارکس:- از باری صاحب علیگ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر۔ [قیمت] ۶؍ ملنے کا پتہ:- مکتبہ اُردو لاہور۔

کارل مارکس ایک زبردست انقلابی تحریک کے لیڈر کی حیثیت سے اچھی طرح روشناس ہے۔ اس [کتا]ب میں اُسی کی سوانح عمری اور اُس کے خیالات پر عقید تمندانہ انداز میں بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے ابتدائی [با]ب میں مارکس کے ذاتی حالات کا بیان ہے، اور دوسرے حصہ میں اُس کی تعلیمات اور معاشی واقتصادی [مسائل] سے متعلق اُس کے ذاتی خیالات کا ذکر ہے۔ مارکس کے حالات کے ضمن میں ہیگل اور مارکس کے ساتھیوں [مثلاً] فریڈرک اینگلز وغیرہ کا بھی تذکرہ ہے۔ کتاب کا افادہ عام کرنے کے لئے باری صاحب نے یہ جدت کی ہے [کہ کت]اب کے آخر میں اُنھوں نے انگریزی اور اُردو الفاظ کی ایک فرہنگ درج کی ہے۔ جس سے فلسفیانہ اور [معاش]ی واقتصادی اصطلاحات کے سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ دوسری کتابوں کی طرح اس کتاب میں بھی [باری] صاحب کا انقلابی انداز تحریر اور زور بیان بدرجۂ اتم موجود ہے۔

[سو]شلزم:- از جناب باری صاحب علیگ۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۶ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ [قیمت] ۶؍ ملنے کا پتہ:- مکتبۂ اُردو لاہور۔

سوشلزم کے فکری اور عملی دونوں پہلوؤں پر کارل مارکس کے مخلص دوست اور رفیق کار فریڈرک اینگلز [نے ا]یک کتاب جرمن زبان میں لکھی تھی زیر تبصرہ کتاب اسی کتاب کے انگریزی ترجمہ کا اُردو ترجمہ ہے۔ مصنف

کتاب نے اس میں پہلے اس سے بحث کی ہے کہ اٹھارہویں صدی میں کس طرح جاگیردارانہ نظام کے خلاف فرانس میں انقلاب پیدا ہوا۔ اور پھر سرمایہ دارانہ سسٹم کے قائم ہو جانے کی وجہ سے کس طرح فرانس اور جرمنی کے اجتماعی مفکروں اور ادیبوں نے اپنی تصنیفات کے ذریعہ ایک اور نئے اور عظیم الشان انقلاب کی بنیاد رکھی۔ اس سلسلہ میں مزدوروں اور سرمایہ داروں کی طبقاتی کشمکش کے علل و اسباب کا تجزیہ کر کے یہ بتایا ہو کہ سوشلسٹ نظام کیا چاہتا ہے اور اُس نے طبقاتی تقسیم کو رد کر کے عام اجتماعی مساوات پیدا کرنے کے لئے کس پروگرام کو اپنا نصب العین بنایا ہے۔ کتاب مفید اور پُراز معلومات ہے۔ ترجمہ صاف، سلیس اور رواں ہے۔ اگر بعض اصطلاحات کی تشریح بھی کر دی جاتی تو بہتر ہوتا۔

سرکارِ مدینہ کی زبان

صرف چھ مہینے میں سیکھ لیجیے

عصر حاضر کی معرکۃ الآرا تصنیف کلامِ عربی ایسے انقلاب انگیز تعلیمی اصول پر لکھی گئی ہے کہ آپ بآسانی بغیر اُستاد کی مدد کے، بغیر رٹے، ایک گھنٹہ روزانہ اس کا مطالعہ کر کے، صرف چھ مہینے میں اتنی عربی زبان سیکھ سکتے ہیں کہ قرآن وحدیث کو سمجھ سکیں، عربی اخبارات ورسائل کو پڑھ سکیں اور حسب ضرورت عربی زبان میں گفتگو اور خط وکتابت کرسکیں اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ قواعد، زبان، ترجمہ، دانشا اور جدید و قدیم لغت سب کچھ ایک ہی کتاب میں موجود ہے۔ کتابت وطباعت وکاغذ عمدہ تقطیع متوسط، صفحات (ہر دو حصہ) ۲۱۶۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے۔

ملنے کا پتہ

"مکتبۂ برہان" قرولباغ۔ نئی دہلی